# 24-09-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

۱۔ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے انجینئرس کو ہدایت دی کہ وہ سیلاب کی وجہ سے کنالس اور ٹینکوں کو جو نقصان پہونچا ہے اس کی جلد مرمت کریں اور آبپاشی کے لئے پانی جاری کریں۔

۲۔اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار نے مرکزی وزیر برائے روڈ ٹرانسپورٹ اینڈ ہائی ویز نتین گڈکری پر زور دیا کہ وہ وقار آباد حلقے میں تین اہم ریاستی سڑکوں کو نیشنل ہائی ویز میں اپ گریڈ کریں۔

۳۔مملکتی وزیر برائے صحت پرتاپ راو جادھو نے آج نئی دہلی میں تمباکو سے پاک یوتھ مہم۔2.0 کا افتتاح انجام دیا۔

۴۔بی جے پی قانون ساز پارٹی کے قائد مہیشور ریڈی نے کہا کہ ریونیو منسٹر سرینواس ریڈی کانگریس اور بی آر ایس پارٹی کے درمیان دلالی کا کام انجام دے رہے ہیں۔

UTTAM

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے کوداڑ کے رکن اسمبلی پدماوتی کے ہمراہ سوریہ پیٹ ضلع میں این ایس پی لفٹ کنال، آر کے میجر کنال، ایم بی سی میجر کنال اور کئی ایک واٹر ٹینکس کو سیلاب سے پہونچے نقصان کا جائزہ لیا۔انہوں نے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں اور ضلع کلکٹر کو ہدایت دی کہ وہ جلد از جلد مرمت کے کام مکمل کریں۔انہوں نے کہا کہ ایک ایکر فصل کو بھی آبپاشی کے پانی کی کمی کی وجہ سے نقصان نہیں پہونچنا چاہیے۔بعد ازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت میں محکمہ آبپاشی کو یکسر نظر انداز کردیا تھا۔جبکہ موجودہ کانگریس حکومت نے اقتدار میں آتے ہی سات سو انجینئرس اور اٹھارہ سو مزدوروں کے تقررات کے لئے اقدامات شروع کئے تھے۔

ROADS

اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار نے مرکزی وزیر برائے روڈ ٹرانسپورٹ اینڈ ہائی ویز نتین گڈکری پر زور دیا کہ وہ وقار آباد حلقے میں تین اہم ریاستی سڑکوں کو نیشنل ہائی ویز میں اپ گریڈ کریں۔نئی دہلی میں آج نتین گڈکری کی سرکاری رہائش گاہ پر میٹنگ کے دوران پرساد کمار نے یہ بھی درخواست کی کہ حلقے میں سات سنٹرل روڈ انفراسٹرکچر فنڈس۔(سی آئی آر ایف) اسکیم کے تحت فنڈس جاری کئے جائیں۔ایک بیان میں یہ بات کہی گئی۔اجلاس میں چیوڑلہ کے رکن پارلیمنٹ کونڈہ ویشو شور ریڈی، رکن پارلیمنٹ گڈم ومشی کرشنا۔چینور کے رکن اسمبلی گڈم ویویک وینکٹا سوامی اور دیگر قائدین بشمول مانک ریڈی موجود تھے۔

MAHESHWAR

بی جے پی قانون ساز پارٹی کے قائد مہیشور ریڈی نے کہا کہ ریونیو منسٹر سرینواس ریڈی کانگریس اور بی آر ایس پارٹی کے درمیان ثالث ۔میڈیٹر کا کام انجام دے رہے ہیں۔مہشور ریڈیی نے سوال کیا کہ آخر کیوں ریاستی حکومت سابقہ حکومت کے کرپشن کے معاملات پر

خاموش ہے اور مبینہ بدعنوانیوں کی جانچ کی مانگ کیوں نہیں کی جارہی ہے۔ حیدرآباد میں آج بی جے پی ہیڈکوارٹر پر میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے بی آر ایس قائدین بشمول رکن اسمبلی کے ٹی راما راو۔ ان کے نو سالہ دورے اقتدار میں ہوئے کرپشن اور بے قاعدگیوں سے متعلق کھلی بحث کا چیالنج دیا۔ مہیشور ریڈی نے یہ بھی الزام لگایا کہ کانگریس، بی آر ایس قیادت کے مفادات کا تحفظ کررہی ہے۔ اور کے ٹی آر اور دیگر وزراء پر دہلی کانگریس قائدین بشمول کے سی وینو گوپال کے ساتھ سودے بازی کا الزام لگایا۔

KTR

بی آر ایس کارگذار صدر کے تارک راما راو نے کانگریس حکومت پر شدید تنقید کی کہ وہ انتہائی بے رحمی سے غریب اور پسماندہ لوگوں کے مکانات اور کاروبار کی جگہ کو مسمار کررہی ہے۔ اوران غریبوں کی کوئی مدد یا انہیں دوسری جگہ فراہم نہیں کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائیڈرا کے نام پر غریبوں کو بنا کوئی نوٹس اچانک بے گھر کیا جارہا ہے۔ جبکہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کے بھائی تروپتی ریڈی کو نوٹس جاری کی گئی اور انہیں کورٹ جانے اور حکم التواء حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ انہوں نے سیر لنگم پلی کے رکن اسمبلی اے گاندھی کے اس بیان کو یاد دلایا جس میں انہوں نے کہا تھا کہ تروپتی ریڈی مادھوپور میں کمیشن شاپ چلارہے ہیں۔ کے ٹی آر نے کہا کہ سیر لنگم پلی میں عنقریب ضمنی انتخاب ہوگا اور انہوں نے یہ عزم بھی ظاہر کیا کہ یہاں سے بی آر ایس غیر معمولی اکثریت سے جیت حاصل کرے گی۔

RAID

محکمہ انکم ٹیکس آئی ٹی ڈپارٹمنٹ کی جانب سے آج صبح سے حیدرآباد کے مختلف پاش علاقوں میں بیک وقت تلاشی مہم کا آغاز کیا گیا۔ آئی ٹی حکام کی دس ٹیمیں کوکٹ پلی۔ بنجارہ ہلز۔ جوبلی ہلز۔ مادھاپور۔ بشیر باغ اور دیگر علاقوں میں رہائیشی اور کاروباری دونوں مقامات پر مشتبہ مالی بے ضابطگیوں کے حصے کے طور پر چھاپے ماررہی ہے۔ مشہور تاجر بی راما کرشنا جو ایک ٹیلی ویژن چیانل چلاتے ہیں کے کاروباری جگہوں پر چھاپا مارا گیا۔ آئی کی ایک ٹیم نے ان کی رہائش گاہ پر تلاشی لی۔ آٹھ افسران کی ٹیم نے بی کرشنا کے مالیاتی لین دین سے متعلق دستاویزات کی چھان بین کی۔ اطلاع ہے کہ آئی ٹی حکام کی ایک ٹیم فینانس کمپنی کے ہیڈکوارٹر پر بھی تلاشی لے رہی ہے

FC

آندھرا پردیش میں ہندو مذہبی رہنماوں نے آج ترو ملا تروپتی دیواستھانم (ٹی ٹی ڈی) کی انتظامیہ بلڈنگ کے باہر لڈو پرساد میں مبینہ ملاوٹ کے خلاف احتجاج کیا۔ احتجاجی مذہبی قائدین نعرے لگارہے تھے۔ اور پلے کارڈس تھامے ہوئے تھے۔ مظاہرین نے لڈو پرساد بنانے میں ملاوٹ شدہ گھی کا استعمال کرنے کا الزام لگاتے ہوئے خاطیوں کو سخت سزا دینے اوران کے خلاف فوری طور پر مقدمہ درج کرنے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ ترو ملا کے تقدس کو پامال کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے۔ اورانہیں ہرگز بخشا نہ جائے۔ اس موقع پر انہوں نے یہ بھی مطالبہ کیا کہ گذشتہ پانچ سالوں کے دوران ہونے والے معاملات کے تحقیقات کی جائیں۔

DGP

ڈائریکٹر جنرل پولیس ڈاکٹر جتیندر نے کہا کہ جینور میں ایک خاتون پر مبینہ دست درازی معاملے کے بعد پیش آئے جینور فسادات میں ملوث

اڑتیس افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ حیدرآباد میں آج میڈیا کو مخاطب کرتے ہوئے ڈی جی پی نے کہا کہ جینور منڈل میں ایک پرامن احتجاج کے بعد حالات کشیدہ ہوگئے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ اس واقعہ میں گرفتار اڑتیس افراد ابھی بھی زیر حراست ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس قانون کے مطابق مجرمین کو سخت سزا دلائے گی۔ ایک اور سوال کے جواب میں ڈی جی پی نے کہا کہ چھتیس گڑھ سے یہاں کا رخ کرنے والے ماوسٹوں کو عوام کی جانب سے کسی قسم کا تعاون حاصل نہیں ہو رہا ہے۔ ڈی جی پی نے اس موقع پر بتایا کہ حالیہ گنیش نمرجن جلوس اور میلاد النبی جلوس اکادوکا چھوٹے واقعات کو چھوڑ کر پرامن رہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں جلوس کے لئے پندرہ ہزار سے زائد پولیس ملازمین کو تعینات کیا گیا تھا۔ جبکہ ایک لاکھ چھتیس ہزار گنیش مورتیوں کا پانچ ہزار آٹھ سو مقامات پر نمرجن کیا گیا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ گنیش جلوس اور دیگر جلوسوں میں ڈی جے کا استعمال نہ کریں۔

TOBACCO

مملکتی وزیر برائے صحت پرتاپ راو جادھو نے آج نئی دہلی میں تمباکو سے پاک یوتھ مہم ۔2.0 کا افتتاح انجام دیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس مہم کے ذریعہ لوگوں میں تمباکو کے خلاف اور اس کے مضر اثرات سے متعلق شعور بیداری کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ ہندوستان میں ہر سال تقریباً تیرہ لاکھ لوگ تمباکو کے استعمال کی وجہ سے موت کا شکار ہو رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ نئی نسل کو تمباکو سے دور رکھنے کے لئے نوجوانوں کے ساتھ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل ملک کا مستقبل ہیں اور حکومت تمباکو سے پاک ہندوستان بنانے کے لئے پرعزم ہے۔

EMPLOYEES

تلنگانہ گزیٹیڈ ایمپلائز جوائنٹ ایکشن کمیٹی (ٹی جی ای جے اے سی) نے آج ایک قرارداد منظور کرتے ہوئے ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ دوسرے پے ریویژن کمیشن کی رپورٹ کے مطابق اکاون فیصد فٹمنٹ کو لاگو کرے۔ حیدرآباد کے باغ لنگم پلی میں سندریا وگیانان کیدرم میں منعقدہ اپنی پہلی میٹنگ میں جے اے سی نے جو تمام ملازمین، اساتذہ، پنشنرس اور مزدوروں کی یونینوں کی تنظیم ہے قراردادیں پاس کیں اور ایک متحدہ آواز میں ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا کہ مرکز کی طرف سے تجویز کردہ پنشن اسکیم سی پی ایس اور یو پی ایس کو نافذ کیا جائے۔ اور سابقہ پرانی پنشن اسکیم کو واپس لیا جائے۔ ملازمین ای کبر اسکیم کے ذریعہ اپنی تنخواہ وصول کرنے پر سخت تنقید کر رہے تھے۔

AP APPOINTMENT

آندھرا پردیش حکومت نے بیس کارپوریشن کے لئے تمام نامزد کردہ عہدوں کو آج پر کر دیا۔ نئے جاری کردہ احکامات کے مطابق ٹی ڈی پی کو سولہ عہدے الاٹ کئے گئے۔ جبکہ جنا سینا پارٹی کو تین اور بی جے پی کو ایک عہدہ دیا گیا۔ وزیراعلی آندھرا پردیش چندرا بابو نائیڈو نے اس موقع پر کہا کہ تقرری کے اس عمل میں زمینی سطح کے کارکنوں کو اہمیت دی گئی ہے۔ جنہوں نے پارٹی کو کامیاب بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

HAJJ

حج کمیٹی آف انڈیا نے ریاستی حج کمیٹیوں اور عازمین حج کے شدید مطالبہ کے پیش نظر حج درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 30 ستمبر تک توسیع کر دی ہے۔ وزارت اقلیتی امور حکومت ہند میں ڈائرکٹر اور حج کمیٹی آف انڈیا کے سی ای او ڈاکٹر لیاقت علی آفاقی آئی آر ایس نے بتایا کہ حج کمیٹی آف انڈیا میں حج 2025 کے لیے بہت زائد درخواستیں موصوگ ہو چکی ہیں، بیشتر ریاستوں میں جلد ہی قرعہ اندازی کے ذریعہ عازمین کا انتخاب کروایا جائے گا۔ عازمین سے خواہش کی گئی ہے کہ وہ اس توسیع شدہ سہولت سے مستفید ہوں۔